NOTTS SVS SERVICES | LISTEN BELIEVE SUPPORT

Nottinghamshire Sexual Violence Support Services

نوٹنگھمشائر میں جنسی تشدد کے سلسلے میں امدادی خدمات

ایک مختصر رہنمائی پرچہ

Brief Guide

URDU

نوٹنگھمشائر ایس وی ایس سروسز، جو 13 سال اور اس سے زائد عمر کے ایسے لوگوں کو امدادی خدمات مہیا کرتی ہے جنھوں نے عصمت دری، جنسی تشدد یا بچپن میں جنسی بدسلوکی کا سامنا کیا ہو، چاہے حال ہی میں یا ماضی میں. یہ معلوماتی پرچہ ہماری طرف سے مہیا کردہ امدادی خدمات کے بارے میں ایک مختصر رہنمائی فراہم کرتا ہے اور یہ بھی کہ ہماری خدمات سے کیسے رجوع کیا جائے۔

اگر آپ کے ساتھ پچھلے 7 دنوں کے اندر ایک عصمت دری یا جنسی حملے کا واقعہ رونما ہوا ہے تو آپ درج ذیل کے ذریعے مدد حاصل کر سکتے ہیں جس میں طبی مدد بھی شامل ہے:

دی ٹوپیز سینٹر (بالغوں کے لیئے) 0800 085 9993 | www.topazcentre.org

ای ایم سی وائی پی ایس اے ایس **(EMCYPSAS)** (0 سے 17 سال کی عمر کے بچوں اور نوجوانوں کے لیئے) 0800 183 0023 | www.emcypsas.co.uk

نوٹنگھمشائر ایس وی ایس سروسز کے

ہم سمجھتے ہیں کہ ایک شخص کی زندگی عصمت دری یا جنسی حملہ کی وجہ سے مکمل طور پر تباہ ہوسکتی ہے. ہو سکتا ہے کہ آپ نے ایک بچے یا ایک بالغ کے طور پر جنسی تشدد کا سامنا کیا ہو. جس کا مرتکب آپ کے شریک حیات، سابقہ شریک حیات، ڈیٹ (کسی کے ساتھ باہر جانا)، دوست، خاندان کا ایک رکن، دیکھ بھال کرنے والا، کوئی ساتھی، آپ کو جاننے والا ایک پیشہ ور ماہر یا کوئی ایسا شخص جس کو آپ نہیں جانتے، ہو سکتا ہے. آپ کے ساتھ جو کچھ ہوا ہے یا آپ کے ساتھ ہو رہا ہے اس کے بارے میں بھی غیر یقینی کی کیفیت ہوسکتی ہے، یا آپ کے کسی ممکنہ تعلقات کے بارے میں بھی سوالات ہوسکتے ہیں.

ہم جنسی تشدد (13 سال اور اس سے زیادہ کی عمر کے لوگوں کے لیئے) کا سامنا کرنے والوں کے لیئے مدد مہیا کرتے ہیں چاہے اُن کی جنس، نسل / قومیت، مذہبی عقائد، معذوری، اخلاقی حیثیت یا جنسی حیثیت کیا ہی ہو۔ ہم مختلف قومیتوں اور پس منظر کے لوگوں کی ضروریات کے بارے میں خاص طور سے آگاہ ہیں اور مندرجہ ذیل طریقے سے اپنی خدمات پیش کر سکتے ہیں:

- عورتوں اور لڑکیوں کے لئے صرف خواتین کے لیئے مخصوص مقام میں امدادی خدمات
- مشیر یا معاون کارکن کا مرد یا خاتون کے انتخاب کا اختیار
- آمنے سامنے ملاقات کے لئے مترجم تک رسائی
- ہماری مشاورتی لائن کو کال کرنے کے دوران زبان کے حوالے سے امدادی لائن کی خدمات

ہم ہم جنس پرست مردوں (گہے) اور عورتوں (لیزبئین)، بائی سیکشول اور ٹرانس جینڈر (ایل جی بی ٹی +) کی مدد وحمایت کا تجربہ رکھتے ہیں اور آپ کے بارے میں کبھی بھی کوئی رائے قائم نہیں کریں گے، آپ کی جنسیت یا ٹرانس جینڈر حیثیت پر توجہ مرکوز نہیں کریں گے۔

ہماری خدمات درج ذیل کی پیش کش کرتی ہیں:

- مشاورتی امدادی لائن
- آمنے سامنے ملاقات کی صورت میں مشاورتی سروس
- گروپ سپورٹ (اجتماعی مدد)
- جنسی تشدد کی ایک آزاد مشاورتی سروس
- اس طرح کے واقعات کا سامنا کرنے والوں کے لیئے سروس
- تھیراپی کی امدادی سروس

رازداری

ہماری سروس رازدارانہ ہے. جو کچھ بھی آپ ہمیں بتانے کا انتخاب کریں گے وہ تیسرے فریق کو ظاہر نہیں کیا جائے گا، ماسوائے بعض مخصوص حالات میں، مثال کے طور پر اگر ایک بچہ خطرے میں ہو. ہماری خدمات کو استعمال کرنے سے پہلے ان استثنا کے بارے میں آپ کے ساتھ بات کی جائے گی-

کونسلنگ کے لیئے امدادی لائین

کونسلنگ کے لیئے امدادی لائین خواتین کے امدادی کارکنوں کی جانب سے چلائی جاتی ہے جو جنسی حملہ کے اثرات کے بارے میں فکر مند کسی بھی فرد کو مدد اور معلومات مہیا کرسکتی ہے. اگر آپ چاہیں تو آپ ایک مرد امدادی کارکن سے بات کرنے کے لئے کہہ سکتے ہیں-

کونسلنگ کے لیئے امدادی لائین کسی بھی خدشات کو حل کرنے کے لئے محفوظ جگہ فراہم کرتی ہے، چاہے یہ خود آپ کے لیئے ہو یا کسی دوست یا خاندان کے رکن کے لئے. یہ آپ کی زندگی پر جنسی حملہ کے اثرات کو تلاش کرنے کے لئے یا صرف معلومات کی درخواست کرنے کے لئے یا آپ کے لیئے خود کو ہماری دوسری خدمات سے رجوع کرنے کا ایک موقع ہو سکتا ہے.

0115 941 0440

کونسلنگ کے لیئے امدادی لائین مندرجہ ذیل اوقات میں کھلی ہوتی ہے:
پیر دوپہر 4 بجے سے شام 7:30 بجے تک
منگل دوپہر 4 بجے سے شام 7:30 بجے تک
جمعرات صبح 10 بجے سے دوپہر 1 بجے تک
جمعہ صبح 10 بجے سے دوپہر 1 بجے تک
ہفتہ صبح 10 بجے سے دوپہر 1 بجے تک

دیگر اوقات میں آپ ایک پیغام چھوڑ سکتے ہیں اور ایک معاون کارکن آپ کو واپس کال کریں گے. کونسلنگ کے لیئے امدادی لائین کا نمبر یہ ہے: 0440 941 (0115)

ان اوقات سے باہر آپ جنسی اور گھریلو تشدد کی امدادی لائن کو 24 گھنٹے اس نمبر پر فون کر سکتے ہیں: 0808 800 0340

کونسلنگ کے لیئے امدادی لائین

کونسلنگ ایک محفوظ اور بغیر کسی کے بارے میں کوئی رائے کیئے جانے والے ماحول میں مہیا کی جاتی ہے جس میں آپ اپنے نظریات اور جذبات کا اظہار اس طرح سے کرسکتے ہیں جو ممکن ہے آپ اپنے خاندان یا دوستوں کے ساتھ نہ کر سکتے ہوں.

ہم 13 سال سے زیادہ کی عمر کے کسی بھی شخص کو آمنے سامنے کی ملاقات میں یہ سروس بلا معاوضہ فراہم کرسکتے ہیں. یہ سروس تربیت یافتہ کونسلروں کی طرف سے فراہم کی جاتی ہے اور ایک محفوظ اور بغیر کسی کے بارے میں کوئی رائے قائم کیئے جانے والے ماحول میں فراہم کی جاتی ہے جس میں آپ جنسی حملے یا بدسلوکی کے کسی بھی قسم کے اثرات کے بارے میں بات کر سکتے ہیں.

گروپ سپورٹ (اجتماعی مدد)

ہمارا 'واقعہ کے بعد' کا اجتماعی امدادی کورس 18 سال اور اس سے زیادہ عمر کے ایسے لوگوں کے لئے 8 ہفتوں کا کورس ہے، جنہوں نے کسی قسم کے جنسی تشدد کا سامنا کیا ہو. گروپ کے مقاصد متعلقہ افراد کے لیئے خود کو قبول کرنا، خود اور دوسروں پر اعتماد کی تعمیر کرنا، زندگی کو بھر پور انداز سے گزارنا اور اسی طرح کے مسائل کا سامنا کرنے والے ساتھیوں سے ملاقات کرنا ہیں. یہ سروس ایسے واقعات سے گزرنے والوں کے لئے دستیاب ہے جو پہلے بھی ہمارے ساتھ تھیراپی کی دوسری سہولیات تک رسائی حاصل کر چکے ہوں.

جنسی تشدد کے سلسلے میں آزاد مشاورتی سروس

جنسی تشدد کے سلسلے میں ایک آزاد مشیر (آئی ایس وی اے) ایک تربیت یافتہ ماہر ہوتا ہے جس کے مقاصد کسی ایسے شخص جس کو جنسی تشدد کا سامنا کرنا پڑا ہو کی مدد، حفاظت اور فلاح و بہبود ہوتے ہیں۔ وہ عملی معاملات میں معلومات اور مدد فراہم کرتے ہیں جیسا کہ:

- پولیس کو اطلاع دینا
- عدالتی طریقہ کار
- رہائش (ہاؤسنگ) اور مالی معاملات
- آپ کے حقوق اور جن خدمات تک آپ رسائی حاصل کرسکتے ہیں
- پولیس، عدالت، سولسٹرز، کلینکس وغیرہ کے دوروں کے لیئے آپ کے ساتھ جانا

آئی ایس وی اے نوٹنگھم ایس وی ایس سروسز کے زیر ملازمت ہوتے ہیں اور وُہ ان ایجنسیوں کے زیر انتظام یا زیر اثر نہیں ہوتے ہیں جن سے آپ کا واسطہ پڑ سکتا ہے (جیسا کہ پولیس یا کراون پراسیکیوشن سروس)۔ یہ آئی ایس او اے سروس 18 سال اور اس سے زائد عمر کے لوگوں کے لیئے ہے.

سروائیور سپورٹ سروس - وکٹم (جرم کا شکار ہونے والے) کی مدد کے لیئے

وکٹم (جرم کا شکار ہونے والے) کی مدد کے لیئے یہ سروس 18 سال اور اس سے زائد کی عمر کے ایسے لوگوں کے لیئے ہے جو بچپن میں جنسی بد سلوکی کا شکار ہوئے ہوں اور ایک ادارے کی طرف سے غفلت کا شکار ہوئے ہوں مثال کے طور پر:

- کیئر ہوم (نگہداشتی مرکز)
- سکول
- ہسپتال / طبی ادارہ
- مذہبی تنظیم
- خیراتی تنظیم یا ریاستی تنظیم
- کھیلوں کا کلب
- جرائم کا ارتکاب کرنے والے نوجوان کے لیئے تنظیم

ہم کسی ایسے شخص کی مدد بھی کر سکتے ہیں جنہیں جنسی بدسلوکی کا نشانہ بنایا گیا اور اُنھوں نے اس کی رپورٹ کسی شخص یا احکام کو کی ہو، مثال کے طور پر، ایک پولیس اہلکار، سوشل ورکر یا ایک استاد اور اُنھوں نے اس رپورٹ کو نظر انداز کر دیا ہو یا اس سلسلے میں کوئی اقدامات نہیں کیئے۔

تھیرا پیوٹک سپورٹ سروس

ہماری تھیرا پیوٹک سپورٹ سروس 13 سے17 سال کے اُن نوجوانوں کے لئے دستیاب ہے، جو پہلے ہی بچوں اور نوجوان افراد پر جنسی حملہ سے متعلقہ خدمات ایسٹ مڈلینڈز چلڈرنز اینڈ ینگ پرسنز سیکشول اسالٹ سروس (EMCYPSAS) میں رابطہ کر چکے ہیں. دستیاب مدد میں درج ذیل بھی شامل ہیں:

- نوجوان افراد کی ضروریات پر تبادلہ خیال کرنے کے لیئے ایک تجزیہ، اس کے بعد مدد وحمایت کے 10 سیشن
- تجزیئے میں خاندان یا دیکھ بھال کرنے والوں کو شامل کرنے کا اختیار تاکہ وہ سمجھ سکیں کہ کس طرح سے نوجوان شخص کی مدد کرنا ہے.
- دیگر خدمات تک رسائی حاصل کرنے میں مدد

ہماری خدمات تک رسائی

آپ ہماری مشاورت کی امدادی لائن (0115 941 0440) پر فون کرکے اپنے آپ کو ہماری خدمات سے رجوع کروا سکتے ہیں. اگر یہ ضروری ہو تو ہم لینگویج لائن ٹیلی فون مترجم سروس کا استعمال کرسکتے ہیں. متبادل طور پر آپ ہماری ویب سائٹ https://nottssvss.org.uk/contact/ پر رابطہ فارم کا استعمال کرسکتے ہیں (یہ انگریزی میں ہے) یا آپ کو مدد کرنے والے کسی معاون کے ذریعے آپ رجوع کر سکتے ہیں.

کارآمد رابطے

دی ٹوپیز سنٹر
بالغوں کے لئے جنسی حملے کے سلسلے میں رجوع کرنے کے لیئے مرکز
0800 085 9993 | www.topazcentre.org

ای ایم سی وائی پی ایس اے ایس (EMCYPSAS) - ایسٹ مڈلینڈز میں بچوں اور نوجوان افراد پر جنسی حملے سے متعلقہ سروس
0 سے 17 سال کی عمر کے لئے جنسی حملے سے متعلقہ رجوع کرنے کا مرکز
0800 183 0023 | www.emcypsas.co.uk

جنسی تشدد اور گھریلو تشدد کی 24 گھنٹے کی امدادی لائن
0808 800 0340

نوٹنگھمشائر ایس وی ایس سروس - کونسلنگ کی امدادی لائن
0115 941 0440 | www.nottssvss.org.uk

جبری شادی کی امدادی لائن
0207 008 0151

نوٹنگھم اینڈ نوٹنگھمشائر رفیوجی (پناہ گزین) فورم
0115 960 1230 | www.nottsrefugeeforum.org.uk

خواتین کی امدادی خدمات (وومنز ایڈ انٹیگریٹڈ سروسیز Juno Women's Aid) ویب سائٹ / امدادی لائن - صرف خواتین کے لیئے:
0808 800 0340 | www.junowomensaid.org.uk

سیف لائین - مردوں کے لئے
0808 800 5005 | www.safeline.org.uk/what-we-do/men/

کارما نروانا - مردوں اور عورتوں کے لیئے – غیرت کے نام پر بدسلوکی اور جبری شادی
0800 5999 247 | www.karmanirvana.org.uk

ایف جی ایم کی امداد لائن - ایسے بچے کے حوالے سے خدشات کے لیئے جو فیمیل جینیٹل میوٹیلیشن یعنی خواتین کی شرم گاہوں کی غیر قانونی جراحی کا شکار ہو یا جسے اس کا خدشہ ہو۔
0800 028 3550

فیمیل جینیٹل میوٹیلیشن (Female Genital Mutilation) یعنی خواتین کی شرم گاہوں کی غیر قانونی جراحی کا شکار ہونے والی خواتین کی مدد کے لیئے
0115 845 7009

گیلوپ یوکے – قومی سطح پر LGBT (لیزبئین، گھے، بائی سیکشول، ٹرانسجینڈر) کے لیئے گھریلو تشدد یا بدسلوکی کا سامنا کرنے کی صورت میں قومی سطح پر موجود امدای لائین
0800 999 5428 and 0300 999 5428 | www.galop.org.uk

NOTTS SVS SERVICES
LISTEN BELIEVE SUPPORT